# شرائط وضوابط برائے ٹھیکہ بذریعہ نیلام عام زرعی اراضی

1۔ٹھیکہ کی مدت: کیڈٹ کالج اوکاڑہ کی زرعی اراضی 97 ایکڑ تقریباً کی بولی تین سال کی مدت کے لئے جو کہ یکم جولائی 2026ء تا 30 جون 2029ء تک ہوگی۔اس ٹھیکہ میں بولی دہندہ اپنے ساتھ کسی پارٹنر یا پارٹی کو شامل نہیں کرے گا۔

2۔کیڈٹ کالج اوکاڑا کی زرعی اراضی کے ٹھیکہ کی رقم زمین کی اصل پیمائش کے مطابق وصول کی جائے گی۔

3۔بولی دہندہ فی مربع کے ٹھیکہ کی رقم کے مطابق گورنمنٹ آف پنجاب کی طرف سے لاگو اسٹامپ ڈیوٹی کی مد میں 0.25% کی رقم کا اسٹامپ پیپر معاہدہ کے لئے مہیا کرے گا۔

4۔دوسرے سال پہلے سال کے پٹے کی کل رقم پر 10% اور تیسرے سال بھی دوسرے سال کی کل رقم پر 10% سالانہ اضافہ ہوگا۔جس کا اطلاق ہر سال یکم جولائی سے ہوگا۔

5۔بولی کے اختتام پر پہلے نمبر پر کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کے علاوہ باقی ماندہ تمام افراد کو زرضمانت واپس کر دیا جائے گا۔کامیاب بولی کی حتمی منظوری مجاز اتھارٹی دے گی۔

6۔بولی دہندہ مبلغ 300 روپے والے اسٹام پیپر پر تحریری طور پر اپنے اثاثے ظاہر کرے گا اور کسی بھی ادارے یا فرم سے بلیک لسٹڈ نہ ہونے کا تحریری ثبوت دے گا۔

7۔ہر بولی دہندہ کو بولی میں حصہ لینے سے قبل ہر مربع نمبر کے لئے علیحدہ سے ٹینڈر فارم بنانا ہوگا اور ہر مربع کے لئے علیحدہ سے مذکورہ بالا زرضمانت کا بنک Pay Order / Demand Draft / CDR بنام پرنسپل کیڈٹ کالج اوکاڑا ہمراہ شناختی کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی مورخہ 23 جون 2026ء تک جمع کروانا ہوگا۔تاخیر سے آنے والے حضرات کا ٹینڈر فارم ناقابل قبول ہوگا۔

8۔کامیاب بولی دہندہ کو پہلے سال کی کل بولی کا 1/4th حصہ تین دن کے اندر جمع کروانا ہوگا۔ناکامی کی صورت میں مندرجہ بالا زرضمانت ضبط کر لیا جائے گا اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو زمین ٹھیکہ پر دے دی جائے گی

9۔ 1/4th حصہ کی رقم جمع ہونے کے بعد مذکورہ زرضمانت واپس کر دیا جائے گا۔یہ 1/4th حصہ کی رقم ٹھیکہ کی تین سالہ مدت کے اختتام کے دو ماہ بعد تک دفتر ہذا میں بطور سیکورٹی کلیئرنس جمع رہے گا۔

10۔پنجاب گورنمنٹ کے PPRA رولز کے تحت کیڈٹ کالج اوکاڑا کو یہ حق حاصل ہوگا کہ تمام بولیوں کو حتمی منظوری سے پہلے مسترد کر دے۔

11 ٹھیکہ دار/پٹہ دار قبضہ لینے سے پہلے (06 جولائی 2026ء) تک مذکورہ اراضی کا پہلے سال کے ٹھیکہ کی پہلی آدھی قسط کی رقم جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ناکامی پر 7 یوم کا نوٹس دے کر پٹہ دار/کامیاب بولی دہندہ کا مذکورہ 1/4th حصہ کی رقم بحق پرنسپل کیڈٹ کالج اوکاڑا ضبط کر لے گا اور مذکورہ زرعی اراضی دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کو دے دی جائے گی۔

12۔ٹھیکیدار زرعی اراضی کے پہلے سال کے ٹھیکہ کی دوسری بقیہ آدھی رقم کی قسط 15 فروری 2027ء کو ادا کرے گا۔اس کے بعد ہر سال کے ٹھیکہ کی رقم دو اقساط میں ادا کیا کرے گا۔پہلی قسط 15 جون میں اور دوسری قسط 15 فروری کو ادا کیا کرے گا۔

13۔ادارہ ہذا کی جانب سے دی گئی تاریخ کے مطابق ٹھیکہ کی رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں ٹھیکہ کی رقم کا 5% جرمانہ عائد کیا جائے گا جو بذمہ ٹھیکہ دار ہوگا مزید تاخیر کی صورت میں ہر ماہ جرمانہ سمیت رقم پر مزید 5% جرمانہ لگتا جائے گا۔

14۔کالج کی زرعی زمین کا منظور شدہ اور دستیاب نہری پانی فی ایکڑ کے حساب سے دیا جائے گا۔اضافی پانی کی ضرورت پوری کرنے کے لئے اگر ٹیوب ویل لگانے کی ضرورت پیش آئے گی تو ٹھیکیدار خود اپنے خرچ پر بور اور ٹیوب ویل لگوائے گا اور ٹھیکہ کی مدت ختم ہونے پر اپنے خرچ پر لگوائے ہوئے ٹیوب ویل کو لے جاسکے گا۔

15۔ٹھیکہ دار/ پٹہ دار کالج کا کسی قسم کا اوزار یا مشینری استعمال نہیں کر سکتا اور نہ ہی اس معاہدہ کا کوئی غلط استعمال کرے گا۔

16۔ٹھیکہ دار/ پٹہ دار اور زرعی اراضی پر کام کرنے والے تمام لوگوں کی سیکیورٹی کلیئرنس جمع کرانا لازمی ہوگی اور کام کرنے والے لوگ کالج کے قواعد پر عمل درآمد کے پابند ہوں گے جو فرد بھی خلاف ورزی کرے گا کالج میں اس کے داخلے پر پابندی لگا دی جائے گی۔

CS CamScanner

17۔ کامیاب ٹھیکہ دار/ پٹہ دار ہر قسم کے ٹیکس مثلاً آبیانہ، مالیہ یا گورنمنٹ آف پنجاب کی طرف سے لاگو ہو تو وہ خود وقت پر ادا کرنے کا پابند ہوگا اور اس کی رسید کالج کے اکاؤنٹس آفس میں جمع کروانا ہوگی۔

18۔ ٹھیکہ کی رقم کالج کے بینک آف پنجاب (BOP) اکاونٹ نمبر 6540170244700027 میں جمع کروا کر اصل رسید ادارہ ہذا کے اکاؤنٹ آفس میں جمع کروانا ہوگی۔ ایک دفعہ ٹھیکہ کی رقم جمع ہونے کی صورت میں رقم ناقابل واپسی ہوگی۔

19۔ ٹھیکہ کی معیاد ختم ہونے پر ٹھیکہ دار/ پٹہ دار فوراً کالج کی زمین خالی کرنے کا پابند ہوگا۔ خالی نہ کرنے کی صورت میں قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

20۔ ٹھیکہ دار/ پٹہ دار کو کالج کے گراؤنڈز کو پرنسپل کی اجازت کے بغیر استعمال نہیں کرے گا۔ ٹھیکہ دار/ پٹہ دار کالج کی چاردیواری کو نہ توڑے گا اور نہ ہی مین گیٹ کے علاوہ کوئی اور راستہ اختیار کرے گا یا بنائے گا۔ کسی قسم کے نقصان کی صورت میں ٹھیکہ دار خود ذمہ دار ہوگا۔

21۔ ٹھیکہ دار/ پٹہ دار غیر قانونی فصل اور گنا کی فصل کاشت نہیں کر سکتا اور رقبہ کاشتکاری کے علاوہ کسی اور مقصد کے لئے استعمال نہیں ہوگا۔

22۔ کالج انتظامیہ کو اختیار ہوگا کہ وہ ٹھیکہ کی کسی بھی شق کی خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ دار/ پٹہ دار کا ٹھیکہ منسوخ کر سکے گی اور سیکورٹی کی رقم بھی ضبط کر سکے گی۔ اور یہ عمل کسی بھی عدالت میں Challengeable نہیں ہوگا۔

23۔ گورنمنٹ کی پالیسی کے خلاف کوئی عمل نہیں کیا جائے گا۔ اور درخت کالج کی ملکیت ہونگے۔ درختوں کی کٹائی یا کسی قسم کی لکڑی لے جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

24۔ اگر کسی سطح پر سرکاری طور پر اراضی کی ضرورت ہوگی تو ٹھیکہ دار/ پٹہ دار کو کاشت شدہ فصل کی قیمت ادا کر کے اراضی خالی کرالی جائے گی۔ اور بقایا مدت کے ٹینڈر کی رقم وصول نہیں کی جائے گی۔

25۔ ٹھیکہ دار/ پٹہ دار پرنسپل کیڈٹ کالج اوکاڑا کی منظوری کے بغیر مذکورہ اراضی میں کسی قسم کی عارضی یا مستقل تعمیر نہیں کرے گا۔ اور نہ ہی اجازت کے بغیر مویشی رکھ سکے گا۔ پٹہ دار/ ٹھیکہ دار مذکورہ اراضی کا کچھ حصہ یا پورہ رقبہ اپنی مرضی سے کسی دوسرے شخص کو نہیں دے سکتا۔

26۔ ٹھیکہ دار/ پٹہ دار اور کیڈٹ کالج اوکاڑا کی انتظامیہ کے درمیان تنازعہ کی صورت میں کیس پرنسپل کیڈٹ کالج اوکاڑا کو بھجوایا جائے گا جو بحیثیت ثالث ثالثی فیصلہ کریں گے۔ فیصلہ دونوں پارٹیوں کو منظور ہوگا اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔

**سرٹیفیکیٹ:** میں نے تمام شرائط وضوابط غور سے پڑھ لی ہیں۔ اور تصدیق کرتا ہوں کہ ان تمام شرائط کا پابند رہوں گا۔ پابندی نہ کرنے کی صورت میں کالج انتظامیہ کو اختیار ہوگا کہ میرا ٹھیکہ منسوخ کردے اور میری سیکورٹی ضبط کرلے۔ جس پر مجھے کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

**ٹھیکیدار کا نام بمعہ ولدیت:** ____________________ **ٹھیکہ دار کے دستخط:** ____________________

**ٹھیکیدار کا شناختی کارڈ نمبر:**-------------------------------- **موبائل نمبر:**--------------------------------

CamScanner

# کیڈٹ کالج اوکاڑہ

## ٹینڈر فارم برائے نیلامی ٹھیکہ زرعی اراضی

ٹھیکہ کا رقبہ: کیڈٹ کالج اوکاڑا کی زرعی اراضی 197 ایکڑ تقریباً۔

ٹھیکہ کی مدت: کیڈٹ کالج اوکاڑا کی زرعی اراضی یکم جولائی 2026ء تا 30 جون 2029ء تک عرصہ تین سال کے لئے ہوگی۔

بولی کی تاریخ اور وقت: مورخہ 24 جون 2026ء بروز بدھ صبح 10:00 AM بجے

رقبہ کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | مربع نمبر | رقبہ | زرضمانت |
|---|---|---|---|
| 1 | 14 | 123 ایکڑ تقریباً | مبلغ دو لاکھ روپے (Rs:200,000) |
| 2 | 15 | 123 ایکڑ تقریباً | مبلغ دو لاکھ روپے (Rs:200,000) |
| 3 | 20 | 105 ایکڑ تقریباً | مبلغ ایک لاکھ روپے (Rs:100,000) |
| 4 | 21 | 123 ایکڑ تقریباً | مبلغ دو لاکھ روپے (Rs:200,000) |
| 5 | 22 | 123 ایکڑ تقریباً | مبلغ دو لاکھ روپے (Rs:200,000) |

| | ٹھیکہ دار کے ذاتی کوائف | |
|---|---|---|
| 1 | ٹھیکہ دار کا نام | |
| 2 | ٹھیکہ دار کا مستقل پتہ | |
| 3 | ٹھیکہ دار کا عارضی پتہ | |
| 4 | PTCL نمبر / موبائل نمبر | |
| 5 | شناختی کارڈ نمبر: (فوٹو کاپی بھی لف کریں) | |
| 6 | رسید برائے زرضمانت<br>مبلغ-/200,000= فی مربع (123 ایکڑ مربع کے لئے)<br>-/100,000= فی مربع (16 ایکڑ کے مربع کے لئے) | |

ٹھیکہ دار / پٹہ دار کے دستخط: ____________

Final Documents